6.2: ہدایات برائے باورچی

1- باورچی صحت منداور مہلک بیماریوں سے پاک ہو۔

2- کام شروع کرنے سے پہلے باورچی کا صاف ستھرا ہونا اور یونیفارم پہننا ضروری ہے۔

3- باورچی کے ناخن صاف اور کٹے ہوئے ہوں اور کام کے دوران جیولری گھڑی اور بینڈز پہننے کی سخت ممانعت ہے۔

4- کام کے دوران باورچی کا کھانا پینا اور سگریٹ نوشی کرنا منع ہے۔

5- کھانا پکانے کے دوران ماسک، ایپرن اور ہیڈکور کے استعمال کو یقینی بنائیں۔

6- کھانا چیک کرنے کے لئے الگ پلیٹ اور چمچ کا استعمال کیا جائے۔

7- (Toilet) استعمال کرنے کے بعد اور کچن کا کام شروع کرنے سے پہلے باورچی کا صابن سے ہاتھ دھونا ضروری ہے۔

8- دوران کام حفظان صحت کے اصولوں کو مدنظر رکھیں۔

9- کسی بھی قسم کی بیماری کی صورت میں سپروائزر کو مطلع کرنا ضروری ہے۔

10- دوران کام ہاتھ پر کٹ یا زخم کی صورت میں اچھے سے پٹی کروائیں۔

11- سپروائزر کی بتائی گئی تمام ہدایات پر عمل کریں۔

6.3: ہدایات برائے ہیڈ شیف (Head Chef)

1۔ ہیڈ شیف (Head Chef) اس بات کو یقینی بنائے کہ کھانا معیاری، سٹینڈرڈ کے مطابق اور صفائی کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہو۔

2۔ تمام سٹاف کو انکی ذمہ داریوں سے واقف کروائے۔

3۔ نئے سٹاف کو ان کی ذمہ داریوں کے مطابق تربیت دے۔

4۔ ملازمین کے کھانے پینے اور سگریٹ نوشی کے لئے جگہ مخصوص کروائے۔

5۔ فوڈ ہینڈلرز کو دستانے، ماسک، ہیڈ کورز اور ایپرن مہیا کروائے۔

6۔ تمام ملازمین کی صفائی کے ریکارڈ کو روزانہ چیک کرے۔

7۔ تمام ملازمین کے لیئے ٹوائلٹ کی سہولت مہیا کرے۔

8۔ ملازمین کی آگاہی کے لئے سادہ زبان میں ہدایات بڑے حروف میں لکھ کر کچن کے مختلف حصوں میں آویزاں کرے۔

9۔ اس بات کو یقینی بنائے کہ کام کرنے والے فوڈ ہینڈلرز کو کسی قسم کی ایسی بیماری نہ ہو جو کھانے میں منتقل ہو سکتی ہو۔

10۔ فوڈ ہینڈلرز کو ہائی رسک فوڈ جیسے دودھ، دہی، گوشت اور ریڈی ٹو ایٹ فوڈ کو ہینڈل کرنا اور ان سے ہونے والے ممکنہ خطرات سے مکمل طور پر آگاہ کروائے۔

11۔ خام مال کے معیاری ہونے کو یقینی بنائے۔

12۔ کچن میں ہونے والی صفائی سے متعلق پریکٹس پر مکمل نظر رکھے اور وقتاً فوقتاً ریکارڈ چیک کرے۔

13۔ ویسٹ ڈسپوزل کا ریکارڈ چیک کرے۔

14۔ ملازمین کی بیماری کا ریکارڈ بنائے اور اس کی نگرانی کرے۔

15۔ بیماری کی نوعیت کے مطابق ملازمین کی کام سے چھٹی اور پورٹ بیک کے لائحہ عمل کو تحریر کرے اور اس پر عمل کروائے۔

16۔ ان ملازمین کو برخاست کر دیا جائے جو ہدایات پر عمل نہ کریں۔